اجروثواب کے ساٹھ دروازے

ستون بابا من أبواب الأجر وكفارات الخطايا

ترجمہ: مختار احمد مدنی

المكتب التعاوني للدعوة والإرشاد وتوعية الجاليات بالجبيل
Jubail Da'wah & Guidance Center
Al Rajhi Bank: 1466080 10000219
www.jubail-dawah.com Info@jubail-dawah.com
Tel. 3625500 Fax. 3626600

گناہ کے بعد دو رکعت پڑھنا: جو بندہ گناہ کرتا ہے پھر اچھی طرح وضوء کر کے کھڑے ہو کر دو رکعت صلاۃ ادا کرتا ہے پھر اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو اس کو معاف کر دیا جاتا ہے۔[ابوداؤد]

صلاۃ الیل: فرض کے بعد سب سے افضل صلاۃ رات کی صلاۃ ہے۔[مسلم]

صلاۃ الضحی: ہر روز ہر جوڑ پر آدمی پر صدقہ ہوتا ہے' اس کا سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے' الحمد للہ کہنا ایک صدقہ ہے 'لا الہ الا اللہ کہنا ایک صدقہ ہے' اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے' اور بھلی بات کہنا' برائی سے روکنا ایک صدقہ ہے' اور صلاۃ الضحی کی دو رکعت ان سب کی طرف سے کافی ہے۔[مسلم ۷۲۰]

نبی ﷺ پر صلاۃ بھیجنا: جو ایک بار نبی کریم ﷺ پر صلاۃ بھیجتا ہے اس کے ذریعہ اللہ رب العالمین اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔[مسلم ۳۸۴]

ہر ماہ تین دن صوم: ہر ماہ میں تین دن (۱۳'۱۴'۱۵) صوم رکھنا زندگی بھر صوم کے برابر ہے۔(بخاری و مسلم)

رمضان کا صوم: جو ایمان اور ثواب کی نیت سے ماہ رمضان کا صوم رکھتا ہے اس کے سابقہ گناہوں کو مٹا دیا جاتا ہے[بخاری و مسلم]

شوال کے چھ صوم جو رمضان کے ساتھ شوال کے چھ صوم رکھتا ہے گویا اس نے پورے سال کا صوم رکھا/مسلم

یوم عرفہ کا صوم: عرفہ کا صوم اگلے اور پچھلے دو سالوں کے (چھوٹے چھوٹے) گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔[مسلم]

عاشوراء کا صوم: مجھے اللہ سے امید ہے کہ وہ پچھلے ایک سال کے گناہ مٹا دیتا ہے۔[مسلم]

صائم (روزہ دار) کو افطار کرانا: جو کسی صائم کو افطار کراتا ہے اسے بھی اتنا ہی اجر ملتا ہے صائم کے اجر میں سے کوئی کمی نہیں کی جاتی ہے۔[سنن ترمذی]

شب قدر کا قیام: جو ایمان اور ثواب کی نیت سے شب قدر کا قیام کرتا ہے اس کے سابقہ گناہوں کو مٹا دیا جاتا ہے۔[بخاری و مسلم]

صدقہ: گناہوں کو اس طرح بجھا دیتا ہے جیسے پانی آگ کو۔[سنن ترمذی]

حج وعمرہ: ایک عمرہ دوسرے عمرہ تک گناہوں کا کفارہ ہوتا ہے اور مقبول حج کا بدلہ جنت کے سوا کچھ نہیں/مسلم

ذوالحجہ کے ابتدائی دس: ان دس دنوں سے بڑھ کر کوئی دن نہیں جن میں نیک عمل اللہ کو زیادہ محبوب ہو' لوگوں نے دریافت فرمایا: کیا اللہ کے راستہ میں جہاد بھی نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے راستہ میں جہاد بھی نہیں' مگر وہ شخص جو اپنی جان اور مال کے ساتھ نکلے اور کچھ واپس لے کر نہ آئے [صحیح بخاری]

اللہ کے راستہ میں جہاد: اللہ کے راستہ میں ایک دن پہرہ داری کرنا دنیا اور اس کی ساری چیزوں سے بہتر ہے اور جنت میں ایک کوڑا رکھنے کی جگہ دنیا اور اس کی ساری چیزوں سے بہتر ہے۔[صحیح بخاری]

اللہ کے راستہ میں خرچ کرنا: جس نے کسی غازی کو تیار کیا اس نے غزوہ کیا' اور جس نے غازی کے اہل وعیال کی نگہداشت کی اس نے بھی غزوہ کیا (بخاری و مسلم)

صلاۃ جنازۃ اور میت کو کندھا دینا: جو صلاۃ جنازہ میں حاضر ہوا اس کے لئے ایک قیراط اور جو دفن میں بھی

شریک رہا اس کے لئے دو قیراط ہے' دریافت کیا گیا: دو قیراط کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دو بڑے بڑے پہاڑوں کے مانند۔[بخاری و مسلم]

زبان وشرمگاہ کی حفاظت: جو اپنے دونوں داڑھوں اور دونوں پیروں کے درمیان کی ضمانت دے میں اس کے لئے جنت کی ضمانت لیتا ہوں۔[بخاری و مسلم]

لا الہ الا اللہ اور سبحان اللہ وبحمدہ کی فضیلت: جس نے دن میں سو بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر ۔کہا دس گردن آزاد کرنے کے برابر ہے' اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور سو گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں' اور شیطان سے اس کے لئے شام تک حفاظت ہوتی ہے' اور کوئی اس سے بہتر عمل لے کر نہیں آتا ہے مگر ایسا شخص جس نے اس سے زیادہ عمل کیا ہو اور جو دن میں سو بار سبحان اللہ وبحمدہ کہتا ہے اس کے سارے گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں خواہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔[بخاری و مسلم]

راستہ سے تکلیف دہ چیزوں کو ہٹانا: میں نے راستہ کے بیچ لوگوں کی تکلیف کا سبب بننے والے ایک درخت کو کاٹ دینے کی وجہ سے ایک شخص کو جنت میں ٹہلتے ہوئے دیکھا۔[مسلم]

لڑکیوں کی تربیت: جس کی تین لڑکیاں ہوں اور وہ انہیں گھر مہیا کرے ان پر رحم کرے اور ان کی تربیت کرے اس کے لئے یقینی طور پر جنت واجب ہوگئی۔[احمد بسند جید]

حیوانوں کے ساتھ رحمت کا برتاؤ کرنا: ایک آدمی نے ایک کتے کو پیاس سے کیچڑ چاٹتے ہوئے دیکھا تو اس نے اپنے موزے کو بھگا کر اور نچوڑ کر اسے پلانے لگا یہاں تک کہ وہ سیراب ہو گیا اللہ نے اس کے بدلے اسے جنت میں داخل کر دیا۔[بخاری]

جدال سے اجتناب: جو حق پر ہوتے ہوئے جدال کو چھوڑ دیتا ہے میں ایسے شخص کے لئے جنت کے درمیان میں گھر کی ضمانت لیتا ہوں۔[سنن ابوداؤد]

اللہ کے لئے بھائیوں کی زیارت: کیا میں تمہیں جنتیوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ لوگوں نے کہا: ضرور اے اللہ کے رسول ﷺ' فرمایا: نبی جنت میں ہے' صدیق جنت میں ہے' اور ایسا شخص جو شہر کے آخری کنارے میں رہنے والے اپنے بھائی کی خالص اللہ کے لئے زیارت کرتا ہے وہ جنت میں ہے۔[طبرانی بسند حسن]

شوہر کی اطاعت: جس عورت نے پانچوں صلاۃ ادا کی (ماہ رمضان) کے پورے صوم رکھے' اپنی شرمگاہ کی حفاظت کی' اور اپنے شوہر کی اطاعت کی جنت کے جس دروازے سے بھی چاہے داخل ہو جائے[ابن حبان' صحیح]

کسی سے کچھ بھی نہ مانگنا: جو مجھے یہ ضمانت دیدے کہ وہ کسی سے کچھ بھی نہیں مانگے گا میں اس کے لئے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔[اہل السنن' صحیح]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یہ تحریر ہر اس مسلمان کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے جو خالص اللہ رب العالمین کی عبادت کرتا ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا، چونکہ ہر مسلمان کا مقصود زندگی یہی ہے کہ وہ اس کائنات سے اس حالت میں جائے کہ اللہ رب العالمین نے اس کے تمام گناہوں کو بخش دیا ہو اور پھر وہ ہمیشہ ہمیش کے لئے نعمتوں والی جنت کا مستحق ہو گیا ہو، اس مختصر پمفلٹ میں چند ایسے ہی اعمال ذکر کئے جا رہے ہیں جو گناہوں کی مغفرت کا ذریعہ اور اجر و ثواب میں اضافہ کا باعث ہیں ہم خالص دل سے اللہ رب العالمین سے جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں دعا گو ہیں کہ وہ ہمارے اعمال کو قبول فرما لے وہی سننے اور جاننے والا ہے۔

توبہ: جس نے سورج کو مغرب سے نکلنے سے پہلے توبہ کر لیا اللہ اس کی توبہ کو قبول فرما لیتا ہے [مسلم ۲۷۰۳] اللہ عزوجل حالت نزع سے پہلے بندہ کی توبہ قبول کرتا ہے۔

علم کی تلاش: میں جو نکلتا ہے اللہ تعالی اس کے ذریعہ جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے [مسلم ۲۶۹۹]

اللہ تعالی کا ذکر: کیا میں تمہیں سب سے بہتر عمل نہ بتاؤں، جو تمہارے رب کے پاس نہایت پاکیزہ، درجات میں سب سے بلند، سونے چاندی کے خرچ کرنے سے زیادہ بہتر، اور اس سے بھی بہتر کہ تم دشمن سے مڈبھیڑ میں جس میں تم انکی گردنیں اور وہ تمہاری گردنیں کاٹیں؟ لوگوں نے کہا ضرور اے اللہ کے رسول! آپ نے فرمایا: اللہ کا ذکر [ترمذی ۳۳۴۷]

نیکی کرنا اور خیر کی طرف رہنمائی کرنا: ہر بھلائی صدقہ ہے اور خیر کی طرف رہنمائی کرنے والا بھلائی کرنے والے کے مثل ہے [بخاری ۱۰/۴۷۳، مسلم ۱۰۰۵]

دعوت الی اللہ کی فضیلت: جو شخص کسی کو ہدایت کی طرف بلاتا ہے اسے بھی کرنے والے کے برابر ثواب ملتا ہے کسی کی نیکی میں کوئی کمی نہیں ہوتی ہے [مسلم ۲۶۷۴]

نیکی کی رہنمائی کرنا اور برائی سے روکنا: جو شخص کسی منکر کام کو دیکھے تو اسے اپنے ہاتھ سے روکے اگر اس کی استطاعت نہ ہو تو اپنی زبان سے، اگر اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو اپنے دل سے برا جانے یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے [مسلم ۴۹]

قرآن کی تلاوت: قرآن پڑھو وہ بروز قیامت پڑھنے والوں کے لئے سفارشی بن کر آئے گا۔ [مسلم ۸۰۴]

قرآن کریم کو سیکھنا اور سکھانا: تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ [بخاری ۹/ ۶۶]

سلام کرنا: تم جب تک ایمان والے نہ ہو جاؤ جنت میں داخل نہیں ہو سکتے، اور جب تک آپس میں محبت نہ کرنے لگو ایمان والے نہیں ہو سکتے، کیا میں تم لوگوں کو ایسا عمل نہ بتاؤں جس کے اپنانے سے تم آپس میں محبت کرنے لگو آپس میں سلام کو عام کرو۔ [مسلم ۵۴]

صرف اللہ کے لئے دوستی: اللہ رب العالمین قیامت کے دن فرمائے گا میرے جاہ وجلال کی قسم آپس میں محبت کرنے والے کہاں ہیں! آج جبکہ میرے سوا کسی کا کوئی سایہ نہیں ہے میں انہیں اپنے سائے میں جگہ

دوں گا۔ [مسلم]

مریض کی عیادت: جو مسلمان کسی مریض کی صبح میں عیادت کرتا ہے تو شام تک اور اگر شام میں کرتا ہے تو صبح تک اس کے لئے ستر ہزار فرشتے رحمت کی دعا کرتے ہیں، نیز اس کے لئے جنت میں باغ لگایا جاتا ہے۔ [ترمذی ۹۶۹]

مقروض کی مدد کرنا: جو کسی تنگ دست کے لئے آسانی کرتا ہے اللہ تعالی اس کے لئے دنیا و آخرت میں آسانی کرتا ہے۔ [مسلم ۲۶۹۹]

عیوب کی پردہ پوشی: جو کسی شخص کی دنیا میں پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالی بروز قیامت اس کی پردہ پوشی فرماتا ہے۔ [مسلم ۲۵۹۰]

صلہ رحمی: رحم عرش سے چمٹ کر کہتی ہے جس نے مجھے جوڑا اللہ اسے جوڑے اور جس نے مجھے کاٹ دیا اللہ اسے کاٹ دے۔ [بخاری ۱۰/ ۳۵۰، مسلم ۲۵۵۵]

حسن خلق: نبی کریم ﷺ سے سوال کیا گیا سب سے زیادہ کون سا عمل جنت میں داخل کریگا آپ نے فرمایا: اللہ کا تقوی اور حسن خلق۔ [ترمذی ۲۰۰۳]

سچائی: تم سچائی کو لازم پکڑو کیونکہ سچائی نیکی کی طرف اور نیکی جنت کی طرف رہنمائی کرتی ہے [بخاری و مسلم]

غصہ کو پی جانا: جو قدرت کے باوجود غصہ کو پی جاتا ہے اللہ تعالی اسے قیامت کے دن سب کے سامنے حور عین میں سے جتنی چاہے منتخب کرنے کا اختیار دے گا۔ [ترمذی ۲۰۲۲]

کفارہ مجلس: جو کسی مجلس میں بیٹھے اور اس سے لغو باتیں کثرت سے ہو جائیں اور وہ اٹھنے سے پہلے یہ کہہ لے سُبْحَانَکَ اللَّهُمَّ وَبِحَمْدِکَ أَشْهَدُ أَن لَّاإِلَهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُکَ وَأَتُوْبُ إِلَيْکَ (اے اللہ تیری ذات پاک ہے اور تیری ہی حمد ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں) تو اس مجلس میں جو کچھ ہوتا ہے اسے بخش دیا جاتا ہے۔ [ترمذی ۳/ ۱۵۳]

صبر: مسلمان کو کوئی تکلیف، بیماری، فکر و غم، اور اذیت نہیں لاحق ہوتی یہاں تک کہ جو کانٹا اسے چبھتا ہے مگر اللہ ان کے ذریعہ اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ [بخاری و مسلم]

والدین کے ساتھ حسن سلوک: نبی کریم ﷺ نے تین بار فرمایا: اس شخص کی ناک خاک آلود ہو، آپ سے پوچھا گیا کون اے اللہ کے رسول ﷺ؟ فرمایا: جو والدین یا ان میں سے کسی ایک کو بڑھاپے میں پائے اور وہ جنت میں داخل نہ ہو سکے۔ [مسلم ۲۵۵۱]

مسکین اور بیوہ کا خیال رکھنا: بیوہ اور مسکین کا خیال رکھنے والا اللہ کی راہ میں مجاہد کے مثل ہے، میرا خیال ہے آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا نہ تھکنے والے تہجد گذار اور افطار نہ کرنے والے روزہ دار کے مثل ہے۔ [بخاری]

یتیم کی کفالت: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اتنے قریب ہوں گے پھر نبی کریم ﷺ نے

شہادت اور درمیان کی انگلی سے اشارہ فرمایا۔ [بخاری ۱۰/ ۳۶۵]

وضوء: جس نے اچھی طرح وضوء کیا تو اس کے جسم سے حتی کہ اس کے ناخنوں سے اس کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ [مسلم ۲۴۵]

وضوء کے بعد کلمہ شہادت: جس نے اچھی طرح وضوء کرنے کے بعد یہ کہا: أَشْهَدُ اَنْ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيْکَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِي مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں اے اللہ مجھے توبہ کرنے اور پاک وصاف رہنے والوں میں سے بنا دے) اس کے لئے جنت کے (سارے) دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس سے چاہے داخل ہو جائے۔ [مسلم ۲۳۴]

اذان کا جواب دینا: جس نے اذان سننے کے بعد یہ کہا اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَآئِمَةِ، آتِ مُحَمَّداً الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ، وَابْعَثْهُ مَقَاماً مَّحْمُوْداً الَّذِیْ وَعَدْتَّهُ (اے اللہ اس کامل دعوت اور قائم ہونے والی صلاۃ کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ (جنت میں ایک مقام) اور فضیلت عطا فرما اور ان کو مقام محمود عطا کر جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے) بروز قیامت اس کے لئے میری شفاعت حلال ہو گئی۔ [بخاری]

مساجد کی تعمیر: جس نے خالص اللہ کے لئے مسجد بنائی اس کے لئے اسی جیسا گھر جنت میں بنا دیا جاتا ہے بخاری]

مسواک کرنا: اگر میں اپنی امت کو مشقت میں نہ ڈال دیتا تو ہر صلاۃ کے ساتھ انہیں مسواک کرنے کا حکم دیتا۔ [بخاری و مسلم]

مسجد جانا: جو صبح یا شام مسجد جاتا ہے تو جب جب وہ جاتا ہے اللہ اس کے لئے جنت میں سامان ضیافت تیار کرتا ہے۔ [بخاری و مسلم]

پنجوقتہ صلاۃ: جو فرض صلاۃ کا وقت پا جائے پھر اچھی طرح وضوء کرے دلجمعی کے ساتھ صلاۃ و رکوع کرے تو اس کے کبیرہ گناہوں کے سوا پچھلے سارے گناہوں کا کفارہ ہو جاتا ہے اور یہ ہمیشہ ہوتا رہتا ہے۔ [مسلم]

صلاۃ فجر و عصر: جس نے دو ٹھنڈی صلاتیں ادا کی وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ [بخاری ۲/ ۴۳]

صلاۃ جمعہ: جس نے اچھی طرح وضوء کیا پھر جمعہ کے لئے آیا خطبہ سنا اور خاموش رہا تو ایک جمعہ سے لے کر دوسرے جمعہ تک مزید تین ایام کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ [مسلم ۸۵۷]

جمعہ کے دن مقبولیت کی گھڑی: جمعہ کے دن ایک ایسا وقت ہے جس میں جو بندہ مسلم کھڑے ہو کر صلاۃ ادا کرتا ہے اور اللہ سے جو مانگتا ہے اللہ اسے دے دیتا ہے۔ [بخاری و مسلم]

فرض صلاتوں کے ساتھ سنن راتبہ: جو بندہ مسلم فرض صلاۃ کے علاوہ اللہ کے لئے ہر دن بارہ رکعات نفل ادا کرتا ہے اللہ اس کے لئے جنت میں محل بناتا ہے۔ [مسلم]